سماج کو تحریک دلانا

عوام کو تحریک دلانے کے مقاصد

- مختلف اقدامات کو بہتر بنانے میں مدد کرتی ہے
- محروم طبقے کو مدد فراہم کرنے کی خاطر نئے اور اختراعی اقدامات کی مانگ میں اضافہ ہوتا ہے
- موجودہ اقدامات کے اثر اور اس کے فوائد میں اضافہ ہوتا ہے
- عوام کو زیادہ معلومات فراہم کراتی ہے اور اس طرح حکومت کے ذریعے فراہم کردہ خدمات تک رسائی میں اضافہ ہوتا ہے
- ضلع کے اندرونی علاقوں تک رسائی بڑھانے میں مددگار رہوتی ہے
- عوام کی ذمہ داریوں میں اضافہ کرتی ہے

ایک آنگن واڑی کارکن برادری کو تحریک دلانے کے لئے کیا کرسکتی ہے؟

- برادری کو تغذیہ اور صحت سے متعلق علم اور سرگرمیوں کے بارے میں مطلع کرے۔
- برادری میں تغذیہ اور صحت سے متعلق پیغام کو عام کرنے کے لئے ٹی وی، ریڈیو، میلہ، ڈرامے، لوک گیت وغیرہ جیسے وسیع ذرائع ابلاغ کا استعمال کیا جائے۔
- IYCF پریکٹس کا فروغ، بیماری اور حمل کے دوران دیکھ بھال، MWCD اور IEC کے اشتہاری مواد کے ذریعے صحت مند کھانوں کی عادت ڈلوانا۔
- ماؤں کی میٹنگ اور برادری کی میٹنگ کو عوام میں تحریک پیدا کرنے کے لئے استعمال کیا جائے۔ PLA تکنیک کا استعمال کیا جائے۔
- برادری کی ضروریات اور برادری میں تحریک پیدا کرنے کی خاطر کمیونٹی ریڈیو قائم کرنے کے امکانات پر غور کر کے اسے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

برادری کی سرگرم شرکت کے لئے یاد رکھنے والے نکات

- ایک آنگن واڑی کارکن کو برادری کو تعلیم دینے، تحریک دلانے اور منتظم کرنے کی تربیت دی جاتی ہے تاکہ برادری بچوں کی زندگی اور ترقی کے مقصد سے بچوں کی ترقی کی مربوط خدمات کے پروگرام میں سرگرمی سے شرکت کر سکے۔
- اپنی برادری کو اچھی طرح جانیں اور ان کے مسائل اور ضروریات کو سمجھیں۔ سماج میں جاری موجودہ نظریات اور طریقوں کے بارے میں جانکاری حاصل کریں۔
- برادری کے لوگوں کی باتیں غور سے سنیں۔ ایسے اقدامات متعارف نہ کرائیں جو موجودہ نظریات اور طریقوں کے برعکس ہوں۔
- برادری کا تجزیہ کریں اور اس میں خود کو شامل کرنے کی کوشش کریں۔ لوگوں کو بچوں کے نشوونما پر مربوط خدماتی پروگراموں میں شروع سے ہی شامل رکھیں۔
- اگر برادری میں کو منفی تجزیہ ہوتا ہے تو اسے احترام/اہمیت دیں اور اس منفی احساس کو نہ صرف آپس میں بات چیت کے ذریعے بلکہ مناسب عمل کے ذریعے کم سے کم کرنے کی کوشش کریں۔

برادری کو تحریک دلانے میں وقت لگتا ہے اور یہ وقت طلب کام ہے۔ آپ جبکہ تربیت اور تعاون حاصل کر کے اپنے کام میں کافی تجربہ کار ہو چکی ہیں، تو آپ
رفتہ رفتہ برادری کو اُن کے حقوق کی رسائی کے لئے تحریک دلانے میں کامیاب رہیں گی۔
ضروری یہ ہے کہ آپ تحمل اور امید کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں۔

آنگن واڑی کارکن کے لئے برادری کو تحریک دلانے کے اہم اقدامات